وزیر اعظم کا سڈنی میں کاروباری گول میز سے خطاب

24 مئی, 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج سڈنی میں آسٹریلیا کی سرکردہ کمپنیوں کے سی ای اوز کے ساتھ ایک کاروباری گول میز کانفرنس سے خطاب کیا۔

2۔ حصہ لینے والے سی ای اوز نے اسٹیل، بینک کاری، توانائی، کان کنی اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں کام کرنے والی سرکردہ کمپنیوں کی نمائندگی کی۔ گول میز کانفرنس میں آسٹریلیا کی چند معروف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز نے بھی شرکت کی۔

3۔ وزیر اعظم نے کاروبار کرنے میں آسانی اور معاشی ترقی کو بڑھانے کے لیے حکومت کی طرف سے شروع کی گئی متعدد اقتصادی اصلاحات اور اقدامات پر روشنی ڈالی۔ ان میں شامل ہیں، بنیادی ڈھانچہ کنیکٹیویٹی پروجیکٹوں کے لیے مربوط نقطہ نظر کے لیے مشن گتی شکتی؛ جن دھن-آدھار-موبائل ٹرینٹی؛ قومی تعلیمی پالیسی؛ ہائیڈروجن مشن 2050؛ پی ایل آئی سکیم؛ خلائی اور جغرافیائی شعبے کے ڈومین میں نجی سرمایہ کاری کا آغاز؛ طبی آلات کی تیاری کی نئی پالیسی؛ آیوشمان بھارت ہیلتھ انشورنس اسکیم وغیرہ۔

4۔ وزیر اعظم نے سی ای اوز کو ہندوستان کی طرف سے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، آئی ٹی، فنٹیک، ٹیلی کام، سیمی کنڈکٹرز، خلا، قابل تجدید توانائی بشمول گرین ہائیڈروجن، تعلیم، فارما، صحت کی دیکھ بھال سمیت طبی آلات کی تیاری، کان کنی بشمول اہم معدنیات، ٹیکسٹائل، زراعت اور فوڈ پروسیسنگ سمیت بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی۔

5۔ وزیر اعظم نے سی ای اوز کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے ہندوستانی ہم منصبوں کے ساتھ باہمی منفعت بخش شراکت داری قائم کریں۔

6۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کرنے والے سی ای اوز حسب ذیل ہیں:

نمبر شمار۔	کمپنی	اکزیکیوٹو
1.	کامن ویلتھ بینک آف آسٹریلیا	جناب میٹ کومین، صدر اور سی ای او
2.	ریو ٹنٹو	محترمہ کیلی پارکر، سی ای او
3.	نیشنل آسٹریلیا بینک	جناب فلپ کرونیکن، چیئرمین اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر
4.	آسٹریلین انڈسٹری بینک	مسٹر انیس ولکس، سی ای او
5.	بی ایچ پی	محترمہ جیرالڈائن سلیٹری، صدر آسٹریلیا

6.	اٹلاسین	مسٹر اسکاٹ فارقہر، شریک سی ای او اور شریک بانی
7.	یونیورسٹی آف سڈنی	پروفیسر مارک اسکاٹ اے او، وائس چانسلر اور صدر
8.	اوریکا	جناب سنجیو گاندھی، منیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او
9.	کوکلیئر	مسٹر ڈگ ہووٹ، چیئر
10.	بزنس کونسل آف آسٹریلیا	محترمہ جینیفر ویسٹاکوٹ، سی ای او
11.	وائزٹیک	جناب رچرڈ وائٹ، سی ای او اور بانی
12.	ائرٹرنک	جناب رابن کھدا، بانی اور سی ای او
13.	انٹورا	محترمہ تمی چو، مینجنگ ڈائرکٹر
14.	کوئنٹس سنڈل ووڈ	جناب رچرڈ ہنفرے، سی ای او
15.	یو این ایس ڈبلیو	پروفیسر اتیلہ برنگس، وائس چانسلر اور سی ای او
16.	ریچارج انڈسٹریز	جناب رابرٹ فزپیٹرک، سی ای او
17.	یونیورسٹیز آسٹریلیا	محترمہ کیٹریونا جیکسن، چیف اگزیکیوٹو
18.	سنٹر فار آسڑیلیا انڈیا ریلیشنز	محترمہ سواتی دیو، چیئر، مشاورتی بورڈ
19.	نیویٹاس گروپ	جناب اسکاٹ جونز، سی ای او

سڈنی
مئی 24، 2023